© rasailojaraid.com

عبدالرحمان عاجز مالیر کوٹلوی

# ترجمان الحدیث

رہبرِ رہرواں ہے ترجمان الحدیث
جادۂ حق نشاں ترجمان الحدیث

ترکۂ رفتگاں ترجمان الحدیث
ورثۂ وارثاں ترجمان الحدیث

زندگی جن کی درسِ حدیثِ رسولؐ
ان کا دل، اُن کی جاں ترجمان الحدیث

تشنگانِ احادیث کے واسطے
جوئے آبِ رواں ترجمان الحدیث

ہے حدیثِ نبیؐ باغِ دینِ مبیں
اُسی کا ہے باغباں ترجمان الحدیث

دین و علم و ادب کے اُفق پر ہوا
جلوہ زا، ضوفشاں ترجمان الحدیث

ہر جریدہ کا ہے اپنا اِک راستہ
قبلہ رُخ ہے رواں ترجمان الحدیث

کشتۂ حسرت و یاس کے واسطے
مشفق و مہربان ترجمان الحدیث

نام میں کام میں صورتاً سیرتاً
عاملِ عز و شاں ترجمان الحدیث

اختتامِ نبوت محمدؐ پہ ہے
اس کا ہے پاسباں ترجمان الحدیث

ایک گنجِ گہر ہے حدیثِ نبویؐ
اور گوہر فشاں ترجمان الحدیث

ہے کلامِ الٰہی کی آیات کا
شارح و ترجماں ترجمان الحدیث

شرک و بدعات و الحاد کی راہ میں
ایک کوہِ گراں ترجمان الحدیث

سائے تاریکیوں کے سمٹنے لگے
یوں ہوا ضوفشاں ترجمان الحدیث

وعدۂ شوق و پیمانِ خود آگہی
نقشِ دل، حرزِ جاں ترجمان الحدیث

دین و ایمان و مذہب ہے اک کارواں
قائدِ کارواں ترجمان الحدیث

شامِ کرب و بلا، جہل و فسق و فجور
صبحِ امن و اماں ترجمان الحدیث

ہے دُعا عاجزِ ناتواں کی یہی
ہو سدا کامراں ترجمان الحدیث

© rasailojaraid.com